عملیات وتعویذات پر ایک بہترین کتاب

اس کتاب میں موجود تعویذات کو آپ اپنے مقصد کی ساعت میں فوٹو کاپی کروا کر استعمال کریں

اللہ الصمد سے شفا

اس کتاب میں دستِ غیب کا مجرب عمل

شادی کیلئے عمل

جیب کبھی خالی نہ رہے کا عمل

تسخیر موکل کا مجرب عمل

مقدس موکل کی حاضری

امتحان میں کامیابی کا عمل

کسی دوسرے کی روح کو بُلانا

ہمزاد کا عمل

قبولیت دُعا کیلئے عمل

محبت کیلئے مجرب عمل

کے علاوہ اور بہت کچھ اس کتاب میں موجود ہے

مصنف ہذا کتاب

صوفی محمد ندیم محمدی

(ادارہ فیض العملیات وتعویذات نقشبندی)

عملیات وتعویذات پر ایک شاہکار تحفہ

اللہ الصّمد سے شفاء

صوفی محمد ندیم محمدی

مدیر اعلیٰ دو ماہی ''روحانیات'' کراچی۔


بانی ونگران اعلیٰ: ادارہ فیضانِ العملیات وتعویذات نقشبندی

ناشر



اردو بازار نزد مقدس مسجد، کراچی۔ فون: 2766751

★★★ جملہ حقوق بحق مصنف و اہلیہ و اولاد محفوظ ہیں ★★★



کتاب	....	اللہ الصمد سے شفاء
مصنف	....	صوفی محمد ندیم محمدی
اجازت	....	صوفی عبدالعزیز نقشبندی
نظر ثانی	....	صوفی ظفر علی نقشبندی
معاون	....	صوفی محمد اقبال نقشبندی
اہتمام	....	خلیق الرحمن
کمپوزنگ	....	صوفی محمد سلطان نقشبندی
کتابت	....	صوفی سعید الرحمن نقشبندی
تعداد	....	ایک ہزار
قیمت	....	30 روپے

خط و کتابت و ملاقات کے لیے

ادارہ فیض العملیات و تعویذات نقشبندی

★★ (زیر نگرانی) مکتبہ روحانیات (کراچی) ★★

MOBILE : 0300-3493001

انتساب

مالکِ ہر جہاں ، ذاتِ لاشریک کے نام



مرا وِرد ہر دم رہا اللّٰہ اللّٰہ
کہا اللّٰہ اللّٰہ کہا اللّٰہ اللّٰہ
دل آسودہ ہوگا دل آسودہ ہوگا
ہر اللّٰہ والا گدا اللّٰہ اللّٰہ

انتساب ثانی !!

محبوبِ خُدا ، امام ہر دو سرا

حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم

کے نام

مرا اورد شام و سحر یا محمدؐ

مرا علم میرا ہنر یا محمدؐ !

توجہ سے سرکارِ عالی کی ہوگا

مقدر مرا اوج پر یا محمدؐ

آپ کے مسائل اور سیارگان کی امداد

شرف قمر:

اس وقت حصول علم، حصول اولاد، نصیب کشائی، زراعت و باغات کی ترقی۔ غرض ہر نیک مقصد کے لئے عمل یا لوح تیار کی جاتی ہے۔

شرف عطارد:

ذہنی قابلیت سے متعلق تمام عملیات شرف عطارد میں تیار کرتے ہیں کیونکہ سیارہ عطارد کا تعلق انسانی ذہن اور فہم و ادراک سے ہے۔ حصول علم میں آسانی دماغی امراض میں افاقہ، مباحثہ علمی میں برتری، تسخیر افسران و حکام بالا، مقابلے کے امتحان میں کامیابی، بچوں کے ڈرنے سے صحت کے لئے عملیات بناتے ہیں۔

شرف مریخ:

سیارہ مریخ کا تعلق مردانہ قوت اور جنگ و جدل میں جنگجوانہ صلاحیت سے ہے۔ اس سے متعلقہ امورات اور نظر بد، ہوائی اشیاء، آسیب سے بچنے کام کاج کی صلاحیت بڑھانے، صحت و قوت مردمی، اعداد و دشمنوں پر غلبہ کے لئے عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔

شرف شمس:

سیارہ شمس جس طرح کہ نظام شمسی میں ایک مرکز کی حیثیت سے ہے اور نظام شمسی کے تمام سیارے اس کے گرد گھومتے ہیں۔ لہٰذا اس سیارہ کے شرف میں جاہ و حشمت، بلندی مرتبہ، سیاسی سماجی کامیابی، دشمنوں پر غلبہ اور لوح فتح مندی تیار کی جاتی ہے۔

شرف زہرہ:

سیارہ زہرا جسے کہ ربۃ النوع عشق یا محبت کی دیوی کہتے ہیں۔ اس کے شرف میں تسخیر خلق خدا۔ تسخیر محبوب۔ تسخیر زن۔ کاروباری ترقی۔ حلقہ احباب میں وسعت۔ آمدن عزت و شہرت میں اضافہ۔ بلڈ پریشر اور ہر طرح کی نسوانی امراض سے شفا کے لئے عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔

شرف مشتری:

سیارہ مشتری بارہ سال کے بعد حالت شرف میں آتا ہے۔ تمام نیک اور جائز مقاصد کے عملیات اس کے شرف میں ہو سکتے ہیں۔ البتہ حصول دولت۔ حصول انصاف۔ عدالتی مقدمہ جات میں فتح یابی اور قرض سے نجات کے عملیات نہایت موثر ہوتے ہیں۔ یعنی جس شخص کے پاس شرف مشتری کی لوح ہوگی غربت و افلاس سے محفوظ رہے گا۔

شرف زحل:

سیارہ زحل جسے کہ ازروئے قواعد نجوم نحس اکبر خیال کیا گیا ہے۔ جب حالت شرف میں ہوتا ہے تو اپنی منسوبات کو قوت و سعادت بخشتا ہے۔ اس وقت زراعت و باغبانی کی ترقی۔ زمین جائیداد۔ تعمیرات سے استفادہ کے عملیات بناتے ہیں۔ اس کے علاوہ سیارہ زحل کا خاص طلسم جسے کہ **طلسم کیوان** کہتے ہیں۔ [illegible] بناتا ہے۔ بالخصوص جب کسی شخص پر زحل کی ساڑھ ستی کا دور ہوتا ہے تو یہ طلسم زحل کی نحوستوں میں کمی کا سبب بنتا ہے۔ سیارہ زحل ۲۹ سال کے بعد شرف میں ہوتا ہے۔

★★★★★★★★ زحل کی ساڑھ ستی کیا ہوتی ہے؟ ★★★★★★★★

زحل کی ساڑھ ستی ایک نہایت ہی منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ جب سیارہ زحل کسی شخص کی پیدائش کے زائچہ میں خانہ نمبر ۱۲، خانہ نمبر ۱، خانہ نمبر ۲ سے گزرتا ہے۔ یہ وقت ساڑھ ستی کا ہوتا ہے۔ ایک برج میں زحل تقریباً ۲½ برس رہتا ہے۔ اس طرح تین بروج کو ۷½ سال میں عبور کرتا ہے۔ یہ زمانہ نہایت بدقسمتی و بربادی کا ہوتا ہے۔ اس دور میں بدنامی، پریشانی، تجارت برباد، کاروبار معطل، غم و الم کے بادل چھائے رہتے ہیں۔ اندرونی خلفشار، بچوں کی اموات اور بیماریاں غرضیکہ نہایت کٹھن وقت ہوتا ہے۔

آج ہی مکتبہ روحانیات کراچی سے یہ الواح ہدیۃً حاصل کر کے اپنی زندگی کو بدلیں۔

ابھی رابطہ کیجئے **MOBILE : 0300-3493001**

لوحِ سلیمانی مشکل کشاء

یہ حقیقت ہے کہ پریشانیوں میں گھرا ہوا انسان ذہنی طور پر اس قابل نہیں رہتا کہ راہِ نجات خود ہی تلاش کر سکے۔ یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ خوش قسمتی اور بد قسمتی دونوں انسان کے ہاتھ میں ہے۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اور بد قسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے۔ وہ سبب روحانی علوم سے استعداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہیں جو ذرائع و اسباب لاتی ہیں۔ جس سے بد قسمتی، خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

★-★-★-یہ لوح سلیمانی مشکل کشاء-★★★

☆ مقدمہ میں کامیابی کے لئے	☆ روزگار حاصل کرنے کے لئے	☆ ملازمت میں ترقی کے لئے
☆ تبادلہ کروانے کے لئے	☆ تبادلہ رکوانے کے لئے	☆ من پسند شادی کے لئے
☆ کاروبار میں خیر و برکت کے لئے	☆ ادائیگی قرض کے لئے	☆ وصولی قرض کے لئے
☆ تسخیر الخلائق کے لئے	☆ عزت و توقیر کے لئے	☆ تکمیلِ خواہشات کے لئے

★★★★★★★★-آسان و مجرب لوح ہے-★★★★★★★★

آج ہی مکتبہ رُوحانیات کراچی سے یہ لوح ہدیۃً حاصل کر کے اپنی زندگی کو بدلیں۔

ادارہ فیض العملیات و تعویذات نقشبندیہ

★★ (زیرِ نگرانی: مکتبہ روحانیات کراچی) ★★

MOBILE : 0300-3493001

اشارے اللہ الصمد سے شفاء


اشارے اللہ الصمد سے شفاء

اشارے اللہ الصمد سے شفاء

اشارے اللہ الصمد سے شفاء


اشارے اللہ الصمد سے شفاء

اشارے اللہ الصمد سے شفاء



نقش ہر مشکل آسان کرنے کیلئے
بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبرائیل
اللہ الصمد
۶۶
۲۳۱
۶۶
اللہ الصمد بحق یا میکائیل
عزرائیل
اسرافیل
۲۳۱
میکائیل
(یہاں اپنا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں)

نقش ہر مقصد کے لیئے



★★★ نقش ہر مشکل آسان کرنے کیلئے ★★★

(یہاں اپنا نام مع والدہ اور مقصد لکھیں)

(۱) بدخواب بند کرنے کا عمل

جن خواتین وحضرات کو زیادہ بدخواب آتے ہوں وہ سونے سے پہلے ۳ مرتبہ آیت الکرسی، چاروں قل شریف اور ۲۱ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے بدن پر پھیریں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم بدخواب آنا بند ہوجائیں گے نماز کی پابندی کریں اور چلتے پھرتے خوب استغفار کیا کریں۔

(۲) آسیب کو دُور کرنا

سورۃ رحمٰن کی آیت نمبر ۳۲ (یمعشر الجن والانس ... الا بسلطٰن) ۷۰ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو ۱۲ مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کریں پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں ذیل کے تعویذ کی دھونی دیں انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

(۳) جیب کبھی خالی نہ رہے

بعد نمازِ تہجد ۷۰ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو اور ۷۰ مرتبہ سورۃ اخلاص یا ۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں ہر نماز کے بعد ۹۹ اسمائے الٰہی ۳ یا ۷ یا ۱۱ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی کبھی بھی جیب خالی نہ ہوگی۔ صبح وشام حسبِ توفیق صدقہ وخیرات کیا کریں۔ بہت مجرب وآسان عمل ہے۔

(۴) دفعِ درد کا آزمودہ عمل

آبِ رواں پر ۳ مرتبہ الحمد شریف (سورۃ الفاتحہ)، ۷۰ مرتبہ اسمائے مبارکہ پھر ۳ مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ لیا کریں۔ مقامِ درد پر بھی دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔ جب درد سے آرام آجائے تو کسی بھی محتاج فقیر کو حسبِ توفیق روپے دیں بہت آسان و مجرب عمل ہے۔ اس عمل سے فائدہ اٹھانے والے خواتین و حضرات حنیف بھائی اور راقم الحروف کے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔

(۵) دستِ غیب کا مجرب عمل


فرض نمازوں کے ساتھ نفل نمازوں کا (خصوصاً نمازِ تہجد) کا بھی اہتمام کریں۔ بعد نمازِ فجر اور تہجد ان اسمائے مبارکہ کو ۲۶۰ مرتبہ اور سورۃ مزمل ۱۱ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں، ذاتِ لاشریک میں دعا مانگیں تاثیر آپ خود دیکھیں گے اس عمل کے ساتھ ذیل کے نقش کو مشک و زعفران سے لکھ کر بھی اپنے پاس رکھیں اور عمل ختم کرنے کے بعد اس پہ دم بھی کر لیا کریں

هو الکافی	بسم الله الرحمن الرحیم			هو الکافی
الله الصمد				الله الصمد
الله الصمد	۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵	الله الصمد
الله الصمد				الله الصمد
الله الصمد	۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰	الله الصمد
الله الصمد				الله الصمد
الله الصمد				الله الصمد
الله الصمد	۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱	الله الصمد

بحق نبوۃ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۶) دست غیب کے لیے عمل

ہر نماز کے بعد ۳ مرتبہ سورۃ مزمّل، سورۃ اخلاص اور آیت الکرسی پڑھ کر ان اسمائے الٰہی کو ۷۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے کمرے کے چاروں کونوں میں دم کر دیں صبح و شام چڑیوں کو اپنے ہاتھ سے دانہ پانی ڈالیں۔ مقصد حاصل ہو گا۔ اگر ذیل کے نقش کو لکھ کر روزانہ سورج نکلتے وقت دریا میں آٹے کی گولی میں رکھ کر ڈالیں تو عمل میں خوب تاثیر پیدا ہو گی۔



(۷) سورۃ فاتحہ کا مجرّب عمل برائے حاجت روا

عروجِ ماہ میں اتوار کی رات سے روزانہ ۲۱ دن تک ۷۰ مرتبہ ایاکَ نعبد و ایاکَ نستعین اور ۷۰ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو پڑھیں پھر کھڑے ہو کر ۲۱ مرتبہ اَللّٰھُمَّ یامغیث اغثنی پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں عمل کی تاثیر ظاہر ہو جائے گی صبح و شام اپنے ہاتھ سے حسبِ توفیق صدقہ و خیرات کریں۔

(۸) شادی کے لیے عمل (برائے حسبِ منشا)

مطلوب کا تصور کرتے ہوئے ۳۱۳ مرتبہ ان اسمائے الٰہی کو پڑھ کر ۷۰ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ پھر بارگاہِ رب العزت میں دُعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول و مقبول ہو گی۔

(۹) تسخیراتِ موکلاتِ قرآن مجید

یہ عمل بہت بڑے بزرگ کا عطیہ ہے اس کی قدر کریں کیونکہ ایسے عمل لاکھوں روپے خرچ کر کے بھی نہیں ملتے۔ اس عمل کے لیے آپ سورۃ مزمل یا سورۃ اخلاص کو مخارج کے ساتھ یاد کر لیں اب عمل کو ذیل کی ترکیب سے پڑھیں۔

پہلے دن: ۱۰۰ مرتبہ درود نور۔ ۷۰ مرتبہ سورت۔ ۷۰ مرتبہ دُعا ندا
۷۰ مرتبہ اسمائے الٰہی اللہ الصمد
پھر سو مرتبہ دُرودِ نور

دوسرے دِن: ۱۰۰ مرتبہ دُرود نور۔ ۳۰ مرتبہ سورت۔ ۳۰ مرتبہ دُعا ندا
۳۰ مرتبہ اسمائے الٰہی۔ اللہ الصمد
پھر ۱۰۰ مرتبہ دُرود نور

تیسرے دن: ۱۰۰ مرتبہ درود نور۔ ۱۰۰ مرتبہ سورت۔ ۱۰ مرتبہ دعا ندا
۱۰ مرتبہ اسمائے الٰہی پھر ۱۰۰ مرتبہ درود نور

مذکورہ بالا ترکیب سے ۲۱ روز پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم چند دنوں میں مقصد حاصل ہو گا۔

دعا ندا یہ ہے: (اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُسَخِّرَنِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

(۱۵) تسمیہ شریف (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) ہر مقصد کے لیے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قرآن مجید کی ایک آیت ہے جو سورۂ نمل کا ایک جز وہے۔
قرآن مجید میں یہ آیت سورۂ توبہ کے علاوہ ہر سورت کے شروع میں آئی ہے غارِ حرا میں
رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو سب سے پہلی آیت نازل ہوئی اقرا باسمِ ربک
(اپنے رب کے نام سے پڑھ) اس حکم کی تعمیل میں بندہ قرآن مجید کی تلاوت اللہ
کے نام سے شروع کرتا ہے۔ اسلام جو تہذیب اللہ کے بندوں کو سکھنا چاہتا ہے اس کا
ایک اصول یہ بھی ہے کہ وہ ہر کام کا آغاز اللہ کے نام اور اس کے استحضار سے
کرے تاکہ انسان بُرے کاموں سے بچا رہے جو کام اللہ کا نام لے کر اس کی
مرضیات و نامرضیات کا لحاظ رکھتے ہوئے شروع کیا جائے گا اس میں بدی کی آمیزش
کا کوئی امکان نہ رہے گا اور وہ نیک اور صالح سمت ہر کام کی سرانجام دہی
کے لیے اختیار کرے گا اور خدا کے نام سے شروع کرنے کی برکت سے اس کام
میں خدا کی مدد شامل حال ہو جائے گی اور شیطان کی شرانگیزیوں سے محفوظ رہے گا
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے قرآن مجید کی تلاوت کا آغاز گویا اس پیشین گوئی کی تکمیل
بھی ہے جو تورات باب ۱۸ (۱۸-۱۹) میں درج ذیل الفاظ میں وارد ہوئی ہے!!
"میں اُن کے لیئے انہیں کے بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کروں گا اور
اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اس کو حکم دوں گا وہی وہ ان سے
کہے گا اور جو کوئی میری ان باتوں کو جو وہ میرا نام لے کر کہے گا نہ سنے گا تو میں
ان کا حساب اُن سے لوں گا۔"
"میرا نام لے کر اسے" بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" سے شروع کرتا ہے"
اسمائے مبارکہ ۰۰ ، مرتبہ اور تسمیہ شریف ۷ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں دعا مانگیں
انشاء اللہ تعالیٰ آپ کا ہر مقصد (جائز) پورا ہو گا مجرب عمل ہے۔

(۱۱) حاضراتِ ارواح کا خاص عمل

وہ خواتین و حضرات جن کے نام کا حرف اوّل "الف" ہے وہ اس عمل سے بھرپور فائدہ اُٹھا سکتے ہیں دوسرے خواتین و حضرات کو کافی محنت کے بعد اس عمل کی روحانیت و نورانیت ملے گی۔ سب سے پہلے سُورۃ اخلاص کو کسی قاری و حافظ قرآن مجید سے مخارج کے ساتھ پڑھ کر یاد کریں اس کے بعد ذیل کی ترکیب سے عمل پڑھیں۔ یہ عمل آپ نے بعد نمازِ تہجّد پڑھنا ہے چند دنوں کے بعد وہ نظارے آپ اپنے کمرے میں دیکھیں گے جن کو یہاں تحریر کرنا مشکل ہے۔ ذیل کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں عمل میں خوب تاثیر پیدا ہو گی۔

اللہ	ھو الکافی۔ ھو الکافی۔ ھو الکافی			اللہ
۲۳۱	بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم			۲۳۱
۲۳۱	۳۳۵	۳۳[illegible]	۳۳۷	۲۳۱
۲۳۱	۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲	۲۳۱
۲۳۱	۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳	۲۳۱
۲۳۱	یا حیُّ یا قیّومُ یا لطیفُ			۲۳۱
اللہ	یا لطیفُ یا حیُّ یا قیّومُ			اللہ

سورۃ اخلاص	۷۰	۶۰	۵۰	۴۰	۳۰	۲۰	۱۰
اسمائے الٰہی	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰

(عمل کی ترکیب)

(۱۲) جو دُعا مانگو قبول ہو گی

بعد نمازِ تہجّد ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ اور سُورۃ حشر کی آیت نمبر ۲۲، ۲۳ اور ۲۴ (ھو اللہ الذی ..... الحکیم) ۷ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ رب العزت مالکِ ہر جہاں میں اپنے مقصد کے حل کے لیے جو دعا مانگیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہو گی۔

(۱۳) رزق کی تنگی دُور کرنے کے لئے

بعد نمازِ عشاء سُورۃ واقعہ ایک مرتبہ اور ان اسمائے مبارکہ کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی دور ہو گی۔ رزق میں کشادگی ہو گی۔

(۱۴) قیامت کے دن پیشانی کا چمکنا

جو شخص سُورۃ طور کی آیت نمبر ۲۸ کا جز (اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ) گیارہ بار اور ان اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کا منہ مثلِ چاند چمکے گا۔

(۱۵) واسطے حصولِ نظرِ رحمتِ الٰہی کے لیئے

بعد نماز تہجد یا فجر ۳ مرتبہ سُورۃ مزمل، ۳ مرتبہ سُورۃ اخلاص اور ۷۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں، ذات لاشریک میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہو گی۔

(۱۶) ہر قسم کی حاجتوں کے لیئے

چند شخص حسن بصریؒ کے پاس آئے کسی نے پانی نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کیلیئے کہا۔ آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو۔ ایک شخص نے پوچھا کہ حضرت اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کو استغفار ہی کے لیے فرمایا۔ آپ نے جواب میں سورۃ نوح کی آیت نمبر ۱۰۔۱۱۔۱۲ (فقلت استغفروا .... لکم انھرًا) کو پڑھا اور فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی آیت کو ارشاد فرمایا ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جب بھی کوئی حاجت یا مشکل پیش آئے تو خوب استغفار کریں اور اس کے بعد اسمائے مبارکہ کو ۰۰، یا ۰۰۷ مرتبہ پڑھ کر اپنی فریاد بارگاہِ ربّ العزت میں پیش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم عزت کا تاج آپ کے سر پہ ہوگا۔

(۱۷) عملیات اُلٹنے سے حفاظت (دفع رجعت)

خواتین و حضرات کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے اگر ۰۷ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو اور ایا ۳ مرتبہ سورۂ عبس (پارہ۔ ۳۰) پڑھ لیں تو مطلوب عمل کی رجعت سے حفاظت رہے گی۔

(۱۸) آنکھوں کی روشنی کے لیئے

سورۃ ق آیت نمبر ۲۲ (فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید) اور ان اسمائے مبارکہ کو بعد نمازِ تہجد ۰۷ مرتبہ پڑھ کر اچھے سرمہ پہ ۴۰ روز دم کریں بعد عمل اس سُرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگالیا کریں خوب روشنی ہوگی۔

(۱۹) نظرِ بد کا مجرّب علاج

ذیل کے تعویذ کو لکھ کر مریض کے بدن سے پھیر کر آگ میں جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد دُور ہو گی۔ تعویذ لکھتے ہوئے۔ بدن پر پھیرتے ہوئے اور جلاتے وقت اسمائے مبارکہ کا ورد کرتے رہیں

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

پہلے اسے استعمال کریں

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

پھر اسے استعمال کریں

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

اور آخر میں اسے استعمال کریں

(۲۰) ولادت میں سہولت کے لیے

ذیل کے تعویذ کو حاملہ کو ۸½ مہینہ بعد بائیں ران میں باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت آسانی سے ولادت ہو گی۔ یاد رہے اگر (۰۰) مرتبہ اسمائے مبارکہ اور (۰) مرتبہ سورۃ انشقاق کی آیت نمبر ۱ تا ۴ (اذا السماءُ انشقت ... ما فیھا و تخلت) بھی تعویذ پر پڑھ لیں تو خوب آسانی ہو جائے گی۔

۴۸۹ ۷۸٦ ۴۸۹

اذا السماءُ انشقت و اذنت لربها وحقت و اذا
الارض مدت و القت ما فیھا و تخلت

۴۸۹ یہاں حاملہ کا نام معہ والدہ لکھیں ۴۸۹

(۲۱) مشکل کشا عمل


بعد نمازِ تہجد جائے نماز پر کھڑے ہو کر ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے کمرے کے چاروں کونوں میں دم کریں پھر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں ذاتِ لاشریک میں اپنے مقصد کے حل کے لیئے دُعا مانگیں آپ کی دُعا انشاء اللہ قبول و مقبول ہو گی۔ ذیل کے تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کوئی مشکل پیش نہ آئے گی۔

۷۸۶			اللہ الصمد	۷۸۶			اللہ الصمد	۷۸۶		
۸	۱	۶	۲۳۱	۸	۱	۶	۲۳۱	۸	۱	۶
۳	۵	۷	ال ل ھ ال ل ھ	۳	۵	۷	ال ل ھ ال ل ھ	۳	۵	۷
۴	۹	۲	۲۳۱	۴	۹	۲	۲۳۱	۴	۹	۲
یا اللہ			اللہ الصمد	یا اللہ			اللہ الصمد	یا اللہ		


(۲۲) عذابِ قبر سے نجات

بعد نمازِ عشاء ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ اور سورہ ملک ۳ یا ۱ مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم عذاب قبر سے حفاظت رہے گی۔

۲۳۱	۷۸۶	۲۳۱
اللہ الصمد	اللہ الصمد	اللہ الصمد



نقش مبارک برائے
حل المشکلات



نقش اکسیر برائے
حصول مراد

بحق جبرائیل ۷۸۶ بحق عزرائیل

۱۰۰۲ ۶۶ الله الصمد ۶۶ الله الصمد ۶۶ ۱۰۰۲

۱۰۰۲ ۶۶ الله الصمد ۶۶ الله الصمد ۶۶ ۱۰۰۲


۱۰۰۲ ۶۶ الله الصمد ۶۶ الله الصمد ۶۶ ۱۰۰۲

۱۰۰۲ ۶۶ الله الصمد ۶۶ الله الصمد ۶۶ ۱۰۰۲


۱۰۰۲

بحق اسرافیل بحق میکائیل


نقش اعظم برائے
مشکل کشا




نقش عظیم برائے
حاجت روا



نقش برائے
حل المشکلات



نقشِ اعظم برائے
مشکل کشا



نقش اکسیر برائے
حصول مراد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد	۹ ۹ ۹	اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد

۱ ۶۶ ۱

۱۰۰۲ اللہ الصمد ۱۰۰۲

۱ ۶۶ ۱

۶۶ ۶۶ ۶۶ ۶۶	۹ ۹ ۹	۶۶ ۶۶ ۶۶ ۶۶


۱ ۶۶ ۱

۱۰۰۲ اللہ الصمد ۱۰۰۲

۱ ۶۶ ۱

اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد	۹ ۹ ۹	اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد اللہ اللہ اللہ الصمد الصمد الصمد

نقش معظم برائے
مشکل کشا



نقش اعظم برائے
حصول مراد

۷۸۶

۶۶

ا ل ل ہ
ا ل ص م د

۶۶ ۶۶

۶۶

بحق عزرائیل

بحق جبرائیل

اللہ الصمد
۱۲۹
اللہ الصمد

اللہ
۱۰۰۲
اللہ

اللہ
۱۰۰۲
اللہ

۶۶ ۶۶

اللہ الصمد
۱۲۹
اللہ الصمد

اللہ
۱۰۰۲
اللہ

اللہ
۱۰۰۲
اللہ

بحق میکائیل

بحق اسرافیل

۶۶

ا ل ل ہ
ا ل ص م د

۶۶ ۶۶

۶۶

نقشِ اعظم برائے
حل المشکلات

(۳۳) مشکل کشا نقش معظم

ذیل کے نقش کو شرفِ قمر میں ۴ عدد مشک و زعفران سے لکھو۔ اب ایک نقش دریا میں ڈالو اور دعا مانگو اسی طرح ایک پھل دار درخت پر اور تیسرا اپنے گھر میں یا کاروبار والی جگہ پر لگاؤ اور چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں اب روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ۷۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہو گی۔

الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ طٰسٓمٓ ۷۸۶ الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ طٰسٓمٓ

۲ اللہ الصمد	۷	۶	۸	۱	۶ اللہ الصمد
۹	۵	۱	۳	۵	۷
۴	۳	اللہ الصمد ۸	اللہ الصمد ۴	۹	۲
۴	۹	اللہ الصمد ۲	اللہ الصمد ۶	۷	۲
۳	۵	۷	۱	۵	۹
اللہ الصمد ۸	۱	۶	۸	۳	اللہ الصمد ۴

۷۸۶ ۷۸۶

کہیعص حمعسق ۷۸۶ کہیعص حمعسق

نوٹ:- نقش کی پشت پر اپنا نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔

(۲۴) دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کا عمل

ذیل کے تعویذ کو اپنے بازو پر مشک و زعفران سے لکھ کر باندھیں اور مقررہ وقت پر تعویذ میں لکھے عمل کو کثرت سے پڑھیں تو آپ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم اپنے دشمنوں پر غالب رہیں گے۔

ھو الکافی ھو الباقی	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	ھو الکافی ھو الباقی
اللہ الصمد بحق	انا فتحنا لک فتحا مبینا	بحق اللہ الصمد
الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ قٓ والقراٰن المجید نٓ والقلم وما یسطرون		
اللہ الصمد بحق	انا فتحنا مبینا	بحق اللہ الصمد

نوٹ:۔ پہلے تسمیہ شریف پھر اسمائے مبارکہ پھر آیت پھر اسمائے مبارکہ پھر حروفِ نورانی (حروف مقطعات) والی پوری سطر پھر اسمائے مبارکہ پھر آیت اور پھر آخر میں اسمائے مبارکہ پڑھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت ہر سر تسلیم خم رہے گا۔

(۲۵) لوگوں کی مہربانی حاصل کرنا

بعد نمازِ تہجد کٓھٰیٰعٓصٓ (قاف ہا یا عین صاد) ۷۰ مرتبہ اور ان اسمائے مبارکہ کو ۳۱۳ یا کم از کم ۹۰ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کریں اور پورے بدن پر پھیر لیں تاثیر آپ خود دیکھیں گے



نقش عظیم

(۲۶) تسخیرِ موکل کا مجرّب عمل

ان اسمائے مبارکہ کو بعد نمازِ عشاء اور فجر ۴۴۴ مرتبہ ۲۸ دن تک پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں عجائبات نظر آنے لگیں گے۔ یاد رہے یہ سب نظر کا دھوکہ ہے یا شیطانی وسوسے ہیں۔ آپ عمل پڑھتے رہیں اٹھائیسواں دن نورانی شکل میں ایک بزرگ سبز عمامہ پہنے حاضر ہوگا اور بلانے کا مقصد پوچھے گا آپ کہیں کہ آپ سے دوستی کرنی ہے اور اپنے کاموں میں آپ سے صلاح مشورہ کرنا ہے وہ چند شرائط پیش کرے گا آپ اسے قبول کریں آنے والے موکل سے دوبارہ بلانے کا عمل پوچھیں اس کے بعد آپ کو جب بھی ضرورت ہو تو تنہائی میں عمل پڑھیں اور اپنے مقصد کے مطابق سوالات کر کے جواب حاصل کریں بلا اجازت اس عمل کو کوئی نہ کرے۔

(۲۷) نیند سے بیدار ہونے کا عمل

سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۱۲۵ (واذجعلنا ..... السجود) ۷ مرتبہ اور ۲۱ مرتبہ اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر دعا مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا میں جس وقت کا آپ نے اُٹھنے کا کہا ہے اُسی وقت آپ کی آنکھ کھلے گی۔

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۲۳۱	۲۳۱	۲۳۱	۲۳۱	۲۳۱	۲۳۱

بحق اللہ الصمد یا میکائیل

(۲۸) استخارہ برائے خواب (ہر مقصد کے لیے)

ذیل کے تعویذ کو مشک و زعفران سے ظرفِ قمر میں لکھ کر اس پر ۹۳۴ مرتبہ اَلْهَادِیُ الْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ پڑھے اور ہر سو بار کے بعد کہے۔ اهد نی یا هادی و اخبر نی یا خبیر و بین لی یا مبین پھر اپنے مقصد کا خیال کرے بعد عمل سو جائے۔ تعویذ تکیے کے نیچے رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں جواب مل جائے گا۔

	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	
۲۰	اِهْدِنِیْ یَا هَادِیُ	۲۰
۸۱۲	وَاَخْبِرْنِیْ یَا خَبِیْرُ	۸۱۲
۱۰۲	وَبَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْنُ	۱۰۲

اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد

نوٹ:۔ جب تک نیند نہ آئے اسمائے مبارکہ کو پڑھتے رہیں۔

(۲۹) اپنی محبت میں دیوانہ کرنا

ذیل کے تعویذ کو شربت میں گھول کر مطلوب کو شربت میں پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ وہ آپ کی محبت میں دیوانہ ہو گا

کھیٰعص	اللہ الصمد	کھیٰعص
مطلوب کا نام		والدہ کا نام
کھیٰعص	اللہ الصمد	کھیٰعص

(۳۰) ہمزاد مطلوب کو حاضر کرنا

ذیل کے طریق سے ان اسمائے مبارکہ ۴۴۴۴ مرتبہ ۲۸ دن تک بعد نمازِ تہجد پڑھیں ہمزاد مطلوب حاضر ہوگا۔ بلا اجازت عمل نہ کریں ورنہ نقصانِ عظیم ہوگا۔

یا ہمزاد (مطلوب کا نام معہ والدہ) حاضر شو حاضر شو
بحقِ سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

(۳۱) موکل عالمِ ارواح کو بلانا

ذیل کے نقش کو پاک عطر شمامۃ العنبر میں بتی بنا کے ان اسمائے مبارکہ کو اپنے نام معہ والدہ، دن اور مہینہ (جب آپ عمل شروع کریں) کے اعداد جمع کر کے حاصل کردہ اعداد کے مطابق رات ۱۲ بجے کے بعد تنہا کمرے میں پڑھیں۔ یہ عمل سات دن کی نیت سے کریں مگر جب تک موکل کی حاضری نہ ہو عمل ترک نہ کریں بعض اوقات سات دن میں کامیابی ہو جاتی ہے اور بعض اوقات چھ مہینے بھی لگ جاتے ہیں مگر یاد رکھیں یہ روحانی طاقت ہے ایک مرتبہ محنت کر کے حاضر کر لیں تا حیات آپ کے کام آئے گی۔ بلا اجازت عمل نہ کریں۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]			[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]

حاضر شو　حاضر شو　حاضر شو

نوٹ: آگ یہاں سے لگائیں۔

(۴۲) مقدّس موکل کی حاضری

یاد رکھیں یہ تمام موکلات (جوکسی نہ کسی حرف کے تابع ہیں) مقدّس ہیں کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور کردہ مخلوق ہے۔ ان اسمائے مبارکہ کو سُورۃ یٰسین کی ہر مبین (سُورۃ یٰسین میں سات مبین ہیں) کے بعد اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق بعد نمازِ تہجّد پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدّس موکل کی حاضری ہوگی۔ بلا اجازت اس عمل کو نہ کریں

(۴۳) موکل کی حاضری

موکل کی تسخیر کے متلاشی خواتین وحضرات اس عمل کو کریں مگر کرنے سے پہلے مجھ سے یا کسی صاحبِ علم سے اجازت ضرور حاصل کریں تاکہ آپ کو تمام ضروری معلومات تسخیرِ موکل معلوم ہوجائیں اور آپ آسانی کے ساتھ اس عمل کو کرسکیں۔

ان اسمائے مبارکہ کے اعداد + آپ کے نام معہ والدہ کے اعداد اور جس دن اور جس مہینہ میں عمل کرنے لگیں ہیں ان کے اعداد حاصل کریں اب اسے ۲ سے ضرب دیں جو اعداد حاصل ہوں اتنی مرتبہ رات ۱۲ بجے کے بعد پڑھیں یاد رہے حاصل کردہ اعداد کا مفرد عدد ۸ نہ بنے اگر مفرد عدد ۸ نہ بنے اگر مفرد عدد ۸ آئے تو ۷ سے ضرب دیں۔ گو یہ عمل خوب محنت طلب ہے مگر جب آپ کی محنت کا انعام موکل کی حاضری کی صُورت میں ملے گا تو آپ کو تمام کی ہوئی محنتیں بھول جائیں گی۔

(۳۷) ہر مشکل کو آسان کرنا

یہ عمل صرف ۹ دن کا ہے اور نوچندی اتوار سے شروع ہوگا اس عمل کا طریقہ یوں ہے کہ پہلے دو رکعت نماز قضائے حاجت کی نیّت سے ادا کریں پھر بعد میں ذیل کے طریق سے عمل پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہوگی۔ عمل یوں پڑھیں گے

نوٹ:۔ جب آپ اگلے دن عمل پڑھیں گے تو صرف نورانی حروف تبدیل ہوگا باقی تمام طریقہ مذکورہ بالا ہی رہے گا۔

ایام	اتوار ۱	پیر ۲	منگل ۳	بدھ ۴	جمعرات ۵	جمعہ ۶	ہفتہ ۷
نورانی حروف	الٓمٓ	الٓمٓصٓ	الٓرٰ	الٓمٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰہٰ	طٰسٓمٓ
اسمائے مبارکہ	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد
پڑھنے کی تعداد	۱۰۰ مرتبہ	۲۰۰ مرتبہ	۳۰۰ مرتبہ	۴۰۰ مرتبہ	۵۰۰ مرتبہ	۶۰۰ مرتبہ	۷۰۰ مرتبہ

ایام	اتوار ۸	پیر ۹
نورانی حروف	یٰسٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
اسمائے مبارکہ	اللہ الصّمد	اللہ الصّمد
پڑھنے کی تعداد	۸۰۰ مرتبہ	۹۰۰ مرتبہ

(۳۵) امتحان میں کامیابی کا عمل

ہر نماز کے بعد ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ اور سورۃ الفاتحہ ۴۱ مرتبہ یا ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر امتحان میں کامیابی ہو گی۔ شرفِ قمر یا مطلوب کے شرفِ کوکب میں سورۃ فاتحہ اور ان اسمائے مبارکہ کا نقش مشک و زعفران سے لکھ کر پاس رکھنا مجرّب ہے۔

(۳۶) اپنی روح کو حاضر کرنا

یہ عمل آپ بعد نمازِ تہجد (یہ وقت عروجِ روحانیات کا وقت ہوتا ہے) نوچندی اتوار سے شروع کریں۔ مکمل پرہیزِ جلالی کے ساتھ ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰۰ مرتبہ اور ہر ۱۰۰ مرتبہ کے بعد ۷ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دل کی طرف متوجہ ہو کر دعا مانگیں چند دنوں میں آپ کو محسوس ہو گا کہ آپ کے کمرے میں آپ کے سوا کوئی اور بھی ہے۔ بلا اجازت اس عمل کو نہ کریں۔

(۳۷) کسی دوسرے کی روح کو بلانا

ان اسمائے مبارکہ کو ذیل کے طریق سے اپنے نام معہ والدہ اور مطلوب کے نام معہ والدہ کے اعداد جمع کر کے حاصل کردہ اعداد کے مطابق بعد نماز تہجد پڑھیں اس عمل میں پرہیز جلالی ناگزیر ہے اور بلا اجازت بھی اس عمل کو مت کریں ورنہ شدید نقصان کا خطرہ ہے۔

یا اللہ بحقِ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ بحقِ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یا روحِ (مطلوب کا نام معہ والدہ)

العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا

(۳۸) حاکم کو مہربان کرنا

بعد نمازِ تہجد ۔ ۷ مرتبہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم (سورت بقرہ آیت نمبر ۱۳۷) اور ۹۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر مطلوب حاکم کا تصور کرتے ہوئے دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم حاکم مہربان ہو گا۔ یہ عمل ۷ دن تک کرنا ہے۔

(۳۹) رزق کی زیادتی کیلئے مجرّب عمل

مذکورہ مقصد کے لیئے یہ عمل بہت مجرّب ہے اور میرا آزمودہ ہے میرے اُستاد ۳۲ سال تک اس عمل کو کرتے رہے اور اب قریباً ۱۴ سال سے میں حاجت مندوں کو دے رہا ہوں بعد نماز عشاء، فجر اور عصر سورۃ شوریٰ آیت نمبر ۱۹ (اللہ لطیف .... ھو القوی العزیز) ۳۹ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب اضافہ ہو گا۔ ذیل کا نقش بھی مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں خوب تاثیر پیدا ہو گی۔

	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	
اللہ الصمد	اللہ الصمد	اللہ الصمد
اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشآء وھو القوی العزیز		
اللہ الصمد	اللہ الصمد	اللہ الصمد
۲۳۱	طالب کا نام معہ والدہ لکھیں۔	۲۳۱

(۴۵) ہمزاد کا عمل

ان اسمائے مبارکہ کو طالب اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کو آپس میں ضرب دے کر جو اعداد حاصل ہوں اتنی مرتبہ بعد نمازِ تہجد پڑھے۔ یہ عمل بلا اجازت مت کریں۔ اجازت ضروری ہے۔

(۴۶) حفاظت کے لیئے آسان و مجرّب عمل

ذیل کے تعویذ کو بعد نمازِ تہجد یا فجر پاک و صاف کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر طالب کے گلے میں ڈالیں حفاظت رہے گی۔ اگر کاروبار والی جگہ پر اس تعویذ کو لگائیں تو چوری وڈاکہ سے حفاظت رہے گی۔ ۷ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو روزانہ پڑھ کر تعویذ پر دم کر لیا کریں تاثیر دوگنی ہو جائے گی۔

یا اللہ — اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد — یا اللہ

طالب کا نام	والدہ کا نام
۷۸۶ الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ الٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓ یٰسٓ صٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ٥	
طالب کا نام	والدہ کا نام

یا اللہ — اللہ الصمد اللہ الصمد اللہ الصمد — یا اللہ

(۴۲) قبولیت دعا کے لیئے

بعد نمازِ تہجد سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر ۱۹۰ تا ۲۰۰ (ان فی خلق .... لعلکم تفلحون) تین مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷۰ مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہو گی۔

(۴۳) گناہوں سے معافی کا عمل

جو خواتین و حضرات ہر فرض نماز کے بعد سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۲۲۔ (ربنا ظلمنا .... من الخاسرین) ۷ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷۰ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ ربّ العزّت میں مغفرت کی دعا مانگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت ہو گی۔

(۴۴) محبّت کے لیے مجرّب عمل


سورت انفال آیت نمبر ۲۲ اور ۲۳ (ھو الّذی ... عزیز الحکیم ۲۱ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷۰ مرتبہ کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائے گا انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مسخر ہو گا آپ کے ساتھ محبت سے پیش آئے گا۔

(۴۵) استقامت قلب کے لیے آسان عمل

ہر نماز کے بعد سورۃ ہود آیت نمبر ۱۱۲ (فاستقم کما امرت .... بصیر) ۱۱ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ پڑھ کر قلب پر دم کر دیا کریں استقامت قلب نصیب ہو گا۔

(۴۶) علم کی ترقی کے لئے آسان و مجرب عمل

ذیل کے نقش کو بروز جمعہ پہلی ساعت میں لکھ کر اس پر سورۃ الفاتحہ ۷ مرتبہ سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱۱۴ (رب زدنی علمًا) ۷۰ مرتبہ اور ھذا اسمائے مبارکہ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر آبِ رواں سے دھو کر نہار منہ پئیں علم کی ترقی کے لیئے نافع ہے۔



(۴۷) ہر قسم کا درد دُور کرنے کے لیئے

مقام مرض پر ہاتھ رکھ کر سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۱۰۵ (و بالحق.... و نذیرًا) ۳ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آئے گا۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

نقش کو باندھیں۔

(۴۸) چھالیہ برائے حفاظت کے لیئے

ایک چھالیہ لے کر اس پر سات بار سُورۃ مزمّل اور ۷۰ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر اس چھالیہ کو مثلِ تعویذ اپنے بچّہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کا بچّہ حفاظت میں رہے گا۔

(۴۹) دفع آسیب و جنّات کا عمل

تین مرتبہ مریض کے کان میں اذان دیں پھر، ۷ مرتبہ اسمائے مبارکہ کو پڑھ کر مریض کے منہ میں تین بار پھونک ماریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم مریض صحت یاب ہو گا۔

(۵۰) دفع بلا و مصیبت کیلئے آسان عمل

دفع بلا و مصیبت کے لیئے ہر نماز کے بعد سُورۃ انبیاء آیت نمبر ۸۷ (لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظلمین) ۷۰ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۳۶۰ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ مالکِ ہر جہاں میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ عظیم دُعا قبول و مقبول ہو گی۔ ذیل کے نقش کو لکھ کر رکھیں خوب برکتیں ملیں گی

لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظلمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ال ل ہ / اللہ الصمد / اللہ الصمد / ال ل ہ	٨	١	٦	ال ل ہ / اللہ الصمد / اللہ الصمد / ال ل ہ
	٣	۵	٧	
	۴	٩	٢	

طالب کا نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں۔

لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظلمین

(۵۱) دفع آسیب وجنّات کا مجرّب عمل

آبِ رواں پر سورۃ مومنون آیت نمبر ۱۱۵-۱۱۶ اور ۱۱۷ (افحسبتم انما ...... حسابه عند ربه) ۱۱ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ پڑھ کر مریض کو دیں اور مریض کے کان میں دم کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا یعنی آسیب وجنّات کی گرفت سے آزاد ہو جائے گا۔

(۵۲) شیطانی وسوسہ سے حفاظت

ذیل کے تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالیں اور سورۃ مومنون کی آیت نمبر ۹۷ (رب اعوذبک .... ان) ۱۱ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ دل میں وسوسے شیطانی آنے بند ہو جائیں گے

۷۸۶ اللّٰہ الصمد بحق یا میکائیل ۷۸۶ اللّٰہ الصمد بحق یا میکائیل ۷۸۶

رب اعوذبک من ھمزات الشیاطین واعوذبک رب ان یحضرون

۷۸۶ اللّٰہ الصمد بحق یا میکائیل ۷۸۶ اللّٰہ الصمد بحق یا میکائیل ۷۸۶

(۵۳) ہول دل کیلئے مجرّب عمل

ہر فرض نماز کے بعد سورۃ رعد آیت نمبر ۲۸ (الذین امنو ..... تطمئن القلوب) ۱۱ مرتبہ اور اسمائے مبارکہ ۷ مرتبہ پڑھنا ہول دل سے بچاؤ کے لیے پُر اثر ہے۔

نقش ہول دل کا علاج
بحکم سکندر بیہ

۷۸۶ اللّٰہ الصمد بحق یا میکائیل

گلے میں جمعہ کے دن ڈالیں

(۵۴) واسطے معزولی وتباہی دشمن کے

روزانہ رات ۱۲ بجے کے بعد کھلے آسمان تلے ننگے سر ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دشمن کی معزولی وتباہی کے لیے دُعا مانگیں۔ دشمن کا تصوّر کر کے دم کریں۔ تاثیر آپ خود دیکھیں گے۔ صرف جائز صُورت میں اس عمل کی اجازت ہے۔

(۵۵) واسطے عداوت کے

مندرجہ ذیل تعویذ کو قمر درعقرب یا سُورج گرہن میں لکھ کر اس پر اسمائے مبارکہ کو ۷۰۰ مرتبہ پڑھ کر دُعا واسطے عداوت کے مانگیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ فریق میں عداوت ہو گی صرف جائز صورت میں اس عمل کی اجازت ہے۔ یاد رہے کہ تعویذ کو پڑھائی کے بعد قبرستان میں دفن کرنا ہے۔

اج ہ زط / بحق ۲۳۱ / بحق ۲۳۱ / اج ہ زط		اجهزط		اج ہ زط / بحق ۲۳۱ / بحق ۲۳۱ / اج ہ زط
	۱۲	۴	۹	
	۶	۸	۱۱	
	۷	۱۳	۵	

وا لقینا بینھم (مطلوب کا نام معہ والدہ) العداوۃ والبغضاء (مطلوب کا نام معہ والدہ) الی یوم القیمۃ بحق یا عزرائیل

(۵۶) مطلوب کو حاضر کرنے کا آزمودہ عمل

تین عدد پتلی لکڑیاں (ایک انجیر دوسری انار اور تیسری شہتوت کی) لے کر ان کو باہم باندھ کر ایک تپائی بنائیں۔ اب ایک کورا چراغ مٹی کا لیں اس میں چنبیلی کا تیل، ڈال کر ذیل کا فلیتہ جلائیں پھر ان اسمائے مبارکہ کو مطلوب کے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق یا پھر ۷۰۰ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب پریشان ہو کر حاضر ہو گا جائز صورت میں اس عمل کی اجازت ہے

اللہ الصمد حی یا میکائیل

۲۳۱	۶	۱	۸	اعداد مطلوب (علی حب علی قلب)	۶	۱	۸	۳۱
	۷	۵	۳		۷	۵	۳	
	۲	۹	۴	اعداد طالب	۲	۹	۴	

(۵۷) عملِ تسخیر

آیات توبہ	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰
اسمائے مبارکہ	۶۴۰	۶۵۰	۶۶۰	۶۷۰	۶۸۰	۶۹۰	۷۰۰
ایام	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ

نوچندی اتوار سے بعد نمازِ عشاء یا تہجد سات روز تک مندرجہ بالا طریق سے سورت توبہ کی آیت نمبر ۱۲۸، ۱۲۹ اور اسمائے مبارکہ پڑھ کر بارگاہِ ربُ العزت میں دُعا مانگیں تسخیر خلائق کا آسان و مجرب عمل ہے اس عمل سے فائدہ اٹھانے والے خواتین و حضرات میرے پیر و مرشد حضرت صوفی عبدالعزیز نقشبندی، آستانہ شیخ ظفر علی نقشبندی اور راقم الحروف کے حق میں دُعائے خیر ضرور کریں۔

(۵۸) موکل "صنقائیل" کی حاضری کا عمل

جو خواتین و حضرات موکل کی تسخیر کا شوق رکھتے ہیں وہ عروجِ ماہ میں ان اسمائے مبارکہ کی عزیمت کو روزانہ بعد نمازِ تہجد ۵۰۰ مرتبہ پڑھیں ۱۰ دن کے اندر موکل حاضر ہوگا۔ جب موکل حاضر ہو تو عہد و پیمان کے بعد اس کو بلانے کا طریقہ پوچھ لیں۔ جب بھی ضرورت ہو اس طریق سے اسے بلائیں جو موکل نے آپ کو بتایا تھا۔ حاضری پر اپنا مقصد بیان کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ موکل آپ کی مدد کرے گا۔ صرف جائز کاموں میں اس سے مدد لیں۔ اس عمل کو اپنے مرشد یا اہلِ علم کی نگرانی میں کریں۔ تاکہ ہر قسم کی رجعت سے محفوظ رہ سکیں۔

عزیمت اسمائے مبارکہ: اَجِبْ یَا صنقائیلُ بحق میکائیلُ

بِحَقِّ اللہ الصمد

بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ

بِحَقِّ سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر شو

(۵۹) عمل برائے فتوحات کے

اس عمل سے فائدہ اٹھانے کے لیے پہلے میرے پیر و مرشد حضرت صوفی عبدالعزیز نقشبندی کے لیے کچھ مد بہ ایصالِ ثواب کریں۔ عروج ماہ میں نوچندی اتوار کو بعد نمازِ عشاء یا پھر نمازِ تہجد (بعد نمازِ تہجد بہتر اور پُر تاثیر وقت ہے) ان اسمائے مبارکہ کو ۷۰۰ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ ربّ العزت میں دُعا مانگیں۔ ان اسمائے مبارکہ کو ہمیشہ ورد میں رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فتوحات بدرجہا ہوگی۔

(۶۵) عمل برائے فتوحات ظاہری و باطنی کے


بلا ناغہ ۹۰ روز تک بعد نماز تہجد ان اسمائے مبارکہ کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں مگر یاد رہے ہر ۱۰۰ مرتبہ کے بعد ۳۱ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں بعد عمل سجدے میں دعا مانگیں۔ انشاء اللہ فتوحات ظاہری و باطنی نصیب ہو گی۔

(۶۶) حُب کا ایک آسان و مجرب عمل

اطمینانِ قلب اور طہارتِ کامل کے ساتھ دو رکعت نماز عمل کی کامیابی کی نیت سے پڑھیں۔ پھر ۷ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو چینی پر پڑھیں پھر ۷ مرتبہ اس عمل کو ۴۰ دن تک کریں۔ آپ یہ چینی جس کو بھی کھلائیں گے وہ مسخر ہو گا۔

(۶۷) عمل واسطے محبت زن و شوہر کے

کسی بھی میٹھی چیز پر ان اسمائے مبارکہ کو ۷ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔ پھر یہ میٹھی چیز دونوں (زن و شوہر) کو کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں خوب محبت ہو گی۔



نوٹ :- اسی نقش کو خوشبو لگا کر پہن لیں۔

(۶۳) عامل یٰسین بابا کا قضائے حاجت کا مجرّب عمل

سب سے پہلے یٰسین بابا کے لیے ایصالِ ثواب کے طور پر سُورۃ یٰسین اور فاتحہ پڑھیں بعد میں نوچندی انوار سے بعد نمازِ عشاء ان اسمائے مبارکہ کو ...۵ مرتبہ پڑھ کر ۲۱ مرتبہ یہ عمل پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

المدد یا اللّٰہُ یا اللّٰہُ یا اللّٰہُ بِحُرمتِ مُحمّد رسُول اللّٰہ مُحمّد رسُول اللّٰہ مُحمّد رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم۔

پھر اپنی حاجت روا کے لیئے بارگاہِ ربّ العزّت میں دُعا مانگیں۔ یہ عمل سات دن کریں انشاء اللّٰہ تعالیٰ آپ کی حاجت بر آوے گی۔

(۶۴) حصولِ عزت وحرمت کے لیے

